سوال

(347) رخصتی سے پہلے خاوند کا انتقال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کی شادی ہندہ سے ایک سال کا عرصہ ہوا ہوئی تھی۔ لیکن رخصتی نہ ہوئی زید انتقال کر گیا۔ آیا ہندہ مہر کی مستحق ہے۔ یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہندہ نصف مہر کی مستحق ہے۔ بحکم قرآن مجید فنصف ما فرضتم۔ (اہل حدیث امرتسر ۱۸جمادي الاول ۱۳٦۲ ہجري)

شرفیہ

یہ کیسے صحیح ہوسکتا ہے۔ اس لئے کہ سوال میں متوفی عنہا کا ذکر ہے۔ اور جواب میں مطلقہ کا ملاحظہ ہو آیت محولہ بالا وان

وَإِن طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ (پ3ع15)

لہذا صورت مرقومہ میں پورا مہر ملے گا۔ کما تقدیم فی حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ (ابو سعید شرف الدین دھلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص331